برائے فوری اجراء

کمیونٹی سیفٹی زونز میں تیز رفتاری کو بالکل برداشت نہیں کیا جائے گا

برامپٹن میں پہلی مرتبہ آٹومیٹڈ سپیڈ انفورسمنٹ نظام کی تنصیب کو متعارف کروانے کے لیے سٹی کی جانب سے نوٹس لگائے جا رہے ہیں

برامپٹن، آن (19 دسمبر 2019) – آج صبح میئر پیٹرک براؤن، کونسلر جیف بومین، پیل ریجنل پولیس اور سٹی کا عملہ سٹی کی جانب سے پہلی مرتبہ متعارف کروائے جانے والے آٹومیٹڈ سپیڈ انفورسمنٹ (ASE) کے نوٹس کی رونمائی کے لیے رے لاسن بولیورڈ (Ray Lawson Blvd) اور چیری ٹری ڈرائیو (Cherrytree Drive) کے کونوں پر پہنچے۔

ASE ایک خودکار نظام ہے جس میں ایک کیمرہ اور گاڑیوں کی رفتار کا حساب لگانے والی ایک ڈیوائس موجود ہوتی ہے، جس سے مخصوص کردہ علاقوں (مثلًا سکول زونز اور پورے اونٹاریو میں موجود کمیونٹی سیفٹی زونز) میں رفتار میں کمی لانے میں مدد ملے گی۔ ASE ایسی گاڑیوں کی نشاندہی کر کے اُن کی تصاویر بناتا ہے جو منظور شدہ حد رفتار سے تجاوز کر رہی ہوں۔ صوبہ بھر میں لگائے گئے ASE کی کا مقصد مقامی کمیونٹیوں بالخصوص روڈ استعمال کرنے والے کمزور طبقات مثلًا بچوں، کی حفاظت اور سکون کو یقینی بنانا ہے۔

آنے والے مہینوں کے دوران ہمارا عملہ میئر اور کونسلرز کے ساتھ مل کر کام کرتے ہوئے برامپٹن بھر میں مزید ایسے مقامات کی نشاندہی کرے گا جہاں پر مستقبل میں ASE لگائے جائیں گے۔ ایک جامع رپورٹ بشمول نفاذ کا منصوبہ آنے کی توقع 2020 کے اوائل میں کی جا رہی ہے۔

ASE پروگرام برامپٹن کو صحت مندانہ اور محفوظ شہر بنانے کے عزم میں معاون ثابت ہو گا۔ *سٹریٹس فار پیوپل* (*Streets for People*) کونسل کی ترجیح میں شامل ہے جس میں ویژن زیرو کے عناصر شامل ہیں اور اس مقامی پروگرام کا مقصد سڑکوں کے ڈیزائن میں تبدیلیوں، مرمت و فعالی اور عوامی آگاہی میں اضافہ کرتے ہوئے سڑکوں کو محفوظ تر بنانا ہے۔

اقتباسات

"برامپٹن میں ہم تیز رفتاری کو بالکل برداشت نہیں کریں گے۔ گاڑیوں سے پیدا ہونے والے ممکنہ خطرات میں کمی لانے اور اپنی کمیونٹیز، بالخصوص سکول زونز، کو زیادہ محفوظ بنانے کے لیے ہمارے اٹھائے جانے والے اقدامات میں سے ایک قدم آٹومیٹڈ سپیڈ انفورسمنٹ بھی ہے۔ آنے والے نئے سال کے دوران میں اس پر مزید کام جاری رکھنے کا خواہشمند ہوں۔"

- *میئر پیٹرک براؤن*

"تیز رفتار سے گاڑی چلاتے ہوئے کسی بھی جگہ جلدی پہنچنا اتنا اہم نہیں ہے جتنا کہ دوسرے لوگوں کو محفوظ رکھنا اہم ہے۔ برامپٹن کا نیا آٹومیٹڈ سپیڈ انفورسمنٹ نظام رہائشیوں کو ایک مؤثر یاددہانی کراتا رہے گا کہ کہ وہ گاڑی کو آہستہ چلائیں، سڑک کے ضوابط کا احترام کریں اور سڑک استعمال کرنے والے دیگر لوگوں کے حقوق کا بھی احترام کریں۔"

- *سٹی کونسلر جیف بومین، وارڈز 3 اور 4*

کینیڈا میں تیز ترین رفتار سے بڑھنے والے شہروں میں سے ایک کے طور پر برامپٹن 650,000 لوگوں اور 70,000 کاروباروں کا گھر ہے۔ ہمارے ہر عمل کا مرکز عوام ہوتے ہیں۔ ہمیں اپنی متنوع کمیونٹی سے توانائی ملتی ہے، ہم سرمایہ کاری کے لیے کشش پیدا کرتے ہیں اور ہم ٹیکنالوجی اور ماحولیاتی جدت میں رہنما کردار ادا

The Corporation of The City of Brampton
2 Wellington Street West, Brampton, ON L6Y 4R2 311 TTY: 905.874.2130

media release

کرنے کے سفر پر نکل رہے ہیں۔ ہم ایک صحت مند شہر کی تعمیر میں بڑھوتری کے لیے مل کر کام کرتے ہیں، جو محفوظ، قابل استحکام اور کامیاب ہو۔ ہمارے ساتھ ٹوئٹر، فیس بک اور انسٹاگرام پر مربوط ہوں۔ www.brampton.ca پر مزید جانیں۔

میڈیا کنٹیکٹ

مونیکا ڈوگال
کوآرڈینیٹر، میڈیا اینڈ کمیونٹی انگیجمنٹ
اسٹریٹیجک کمیونیکیشن
سٹی آف برامپٹن
905-874-3426 | Monika.Duggal@brampton.ca